مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار | فاروق الرحمٰن یزدانی

نام کتاب:۔ استادگرامی مولانا عطاءاللہ حنیف بھوجیانی رحمۃ اللہ علیہ

مصنف:۔ مولانا محمد اسحاق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات:۔ 256

ناشر:۔ محمد اسحٰق بھٹی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لاہور...... ملنے کا پتہ مکتبہ اسلامیہ لاہور ،فیصل آباد

اللہ تعالیٰ کے آخری رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا ''کہ ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی ان کے مخالفین ان کا کوئی نقصان نہیں کرسکیں گے'' حضرات محدثین کے اقوال کے مطابق اس حدیث کے مصداق مسلک اہل حدیث کے حاملین ذی وقار ہیں کہ جنہوں نے ہر دور میں حالات کی موافقت یا مخالفت کی پرواہ کیے بغیر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات پر نا صرف کہ خود عمل کیا بلکہ اس کی اشاعت وترویج کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی بساط سے بڑھ کر مسلک حقہ کی خدمت کی سعادت حاصل کی۔انہی مقتدر شخصیات میں سے ہمارے انتہائی قابل قدر اور اپنے دور میں آیۃ من آیات اللہ مولانا عطاءاللہ حنیف بھوجیانی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی بھی ہے۔جن کا علم' تقویٰ' پرہیزگاری' اہل علم کی قدر شناسی اور طلبائے علم سے شفقت ومحبت ایک ضرب المثل کی حیثیت رکھتی ہے۔مولانا موصوف نے انتہائی تنگی حالات کے باوجود قبل از تقسیم اور بعد از قیام پاکستان مختلف مقامات پر جس جانفشانی سے قرآن وحدیث کی تعلیم کو عام کیا اور عوام الناس میں عمل بالحدیث کا جذبہ صادقہ پیدا کیا وہ صرف ان کی زندگی کا ہی حصہ ہے مولانا کی ان گوناگوں مصروفیات کو ان کے سعادت منداور لائق ترین شاگرد مولانا محمد اسحٰق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ نے قلم بند